Ghazal by Murtaza Birlas

Tum ne kabhi ye hairat kun bhi baat sunee hai aur kahin
Aanch hamaray dil main hai aur aag lagi hai aur kahin

Itna hamain nadaan na samajh tu, khoob tujhay pehchantay hain
Hum say zabani qol-o-qasm hain, aankh laree hai aur kahin

Churdhta sooraj samnay hai, hum perd ke neechay baithhay hain
Saara badan hai dhoop main apna chhaon ghanee hai aur kahin

Faslay qurbat sab be ma'anee, rishta hai jo bhee soch ka hai
Jism nazr aata hai, yehan par, jan paree hai aur kahin

Teri hum say laag lagawat, sirf tasanno aur banawat
Asl main teri chashm-e-siyasat dekh rahi hai aur kahin

Aish kaday main hain waisay roshan jaisay roshan pehlay thay
Koond rahi thhee burq jo in par, ja kay giri hai aur kahin

Khak-e-watan say ishq ka jin ko zo'm hai un he logon nay
Khak-e-watan se kee jo kama'ee, ja ke rakhee hai aur kahin

Murtaza Birlas
(Girah-e-Neembaaz)

تم نے کبھی یہ حیرت کن بھی بات سنی ہے اور کہیں
آنچ ہمارے دل میں ہے اور آگ لگی ہے اور کہیں

اتنا ہمیں ناداں نہ سمجھ تو، خوب تجھے پہچانتے ہیں
ہم سے زبانی قول و قسم ہیں آنکھ لڑی ہے اور کہیں

چڑھتا سورج سامنے ہے، ہم پیڑ کے نیچے بیٹھے ہیں
سارا بدن ہے دھوپ میں اپنا چھاؤں گھنی ہے اور کہیں

فاصلے قربت سب بے معنیٰ، رشتہ ہے جو بھی سوچ کا ہے
جسم نظر آتا ہے یہاں، پر، جان پڑی ہے اور کہیں

تیری ہم سے لاگ لگاوٹ، صرف تصنّع اور بناوٹ
اصل میں تیری چشم سیاست، دیکھ رہی ہے اور کہیں

عیش کدے ہیں ویسے روشن جیسے روشن پہلے تھے
کوند رہی تھی برق جو ان پر، جا کے گری ہے اور کہیں

خاکِ وطن سے عشق کا جن کو زعم ہے ان ہی لوگوں نے
خاکِ وطن سے کی جو کمائی، جا کے رکھی ہے اور کہیں



Copyright (C) Reserved by Author